17 فروری تا 23 فروری 2023 | شمارہ نمبر 8 | جلد نمبر 35
1989ء سے مسلسل اشاعت
ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
بانی: محمد رؤف
پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ
MC - 547 Price Rs. 100/-

FAIR TRADE (Pvt) Limted
A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board
Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper<br>Bulleh Shah ( Packages )<br>Crown ( Fazal Paper )<br>Chenab ( A.K Ind. ) | Offset Paper<br>Bleached Board<br>Art Card |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™
ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK
ART PAPER NEVIA
NINGBO FOLD Little Star Bleach Board
pindo deli paper products
Indah Kiat Pulp and Paper Products
SINAR
VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل





BMG
بزنس مین گروپ

کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER
- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER
- PAPERLINE GOLD
- INTEGRITE
- PAPERLINE
- AONE
- EXCELPRO

PAPERLINE GOLD · ExcelPro · MULTI PURPOSE PREMIUM PAPER PAPERLINE · a1ne



## WOODFREE PAPER
- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · pplus EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · SRW EXTRAPRINT LUXURY OFFSET



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS · Ellustra DRAWING PAPER · enza · foopak · CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS
- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS
- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# BIKIYA PAPER MART

we Serve unique & best quality paper to build on brand loyality

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINARROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

**CONTACT**

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

**A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products**

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

**CONTACT**

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200
Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ افس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سنی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
weeklypaperbusiness@gmail.com
0308-2933229


بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

قیمت: 100 روپے
چارجز
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
IBAN Account No:
PK72SUMB0256027140112960

# راتوں رات سیلز ٹیکس کی شرح 17 سے بڑھا کر 18 فیصد مقرر

## 14 فروری کی رات نوٹیفکیشن جاری کرکے 15 فروری کی صبح سے اطلاق ہوگیا، حکومت نے 115 ارب روپے کے نئے ٹیکس عائد کردیئے

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) حکومت نے عالمی مالیاتی فنڈ کی شرائط پر عملدرآمد کرتے ہوئے منگل 14 فروری 2023 کو 115 ارب روپے کے نئے ٹیکس عائد کردیئے۔ ایف بی آر نے جی ایس ٹی کی شرح 17 سے بڑھا کر 18 فیصد کردی ہے۔ ایف بی آر نے نئے ٹیکسز کا نوٹیفکیشن جاری کردیا جس کا اطلاق 15 فروری 2023 سے ہوگیا ہے۔ حکومت نے سیکڑوں پرتعیش اشیاء پر 25 فیصد جی ایس ٹی لگانے کی بھی منظوری دے دی ہے تاہم اس کا اطلاق پارلیمنٹ میں پیش ہونے والے ضمنی فنانس بل کی منظوری سے مشروط ہے۔ ایف بی آر نے ان تمام درآمدی لگژری اشیاء پر جی ایس ٹی کی شرح میں اضافہ کیا ہے جن پر وزارت تجارت نے کچھ عرصہ قبل پابندی لگائی تھی جبکہ مقامی سطح پر تیار ہونے والی کچھ پرتعیش چیزوں پر بھی جی ایس ٹی میں اضافے کی تجویز دی گئی ہے۔ آئی ایم ایف کی مزاحمت کے باعث حکومت نے فلڈ لیوی کا نفاذ ملتوی کردیا ہے۔ واضح رہے کہ 14 فروری کی رات اچانک بغیر پارلیمنٹ کی منظوری کے سیلز ٹیکس کی شرح میں ایک فیصد اضافہ کردیا گیا اور شرح 17 سے بڑھا کر 18 فیصد کردی گئی۔


Government of Pakistan
Ministry of Finance and Revenue
Revenue Division
*****

Islamabad, the 14th February, 2023.

**Notification**
(Sales Tax)

**S.R.O. 179(I)/2023.–** In exercise of the powers conferred by clause (b) of sub-section (2) of section 3 of the Sales Tax Act, 1990, the Federal Government is pleased to enhance the rate of sales tax in respect of taxable goods falling within the purview of sub-section (1) of section 3 from seventeen percent under sub-section (1) of section 3 of the Sales Tax Act, 1990 to eighteen percent.

**[C. No. 5/3-STB/2023]**

(Afaque Ahmed Qureshi)
Additional Secretary

سیلز ٹیکس کی شرح 17 سے بڑھا کر 18 فیصد کرنے کا نوٹیفکیشن کا عکس

# ریٹنگ ایجنسی فچ نے پاکستان کی ریٹنگ کم کرکے ٹرپل C مائنس کردی

نیویارک (انٹرنیشنل نیوز ڈیسک) عالمی ریٹنگ ایجنسی فچ نے پاکستان کی طویل مدتی غیر ملکی کرنسی جاری کرنے والے ڈیفالٹ ریٹنگ کو سی سی سی پلس سے مزید کم کرکے سی سی سی مائنس کردیا، ریٹنگ میں یہ کمی غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر اور مالی حالات کے مزید تیزی سے بگاڑ کی عکاسی کرتی ہے۔ عالمی ریٹنگ ایجنسی فچ نے غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر میں کمی سمیت لیکیویڈٹی اور پالیسی کے خطرات کے پیش نظر پاکستان کی طویل مدتی غیر ملکی کرنسی جاری کرنے والے ڈیفالٹ ریٹنگ کو سی سی سی پلس سے کم کرکے سی سی سی مائنس کردیا، فچ کی طرف سے یہ کمی سی سی سی پلس پر نظر ثانی کرنے کے چار ماہ بعد آئی ہے۔ ریٹنگ ایجنسی نے کوئی آؤٹ لک تفویض نہیں کیا کیونکہ عام طور پر ریٹنگ ایجنسی سی سی سی پلس یا اس سے نیچے کی درجہ بندی والے سوورین کو آؤٹ لک تفویض نہیں کرتی۔ فچ نے اپنے جاری کردہ بیان مین کہا کہ ریٹنگ میں یہ کمی غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر اور مالی حالات کے مزید تیزی سے بگاڑ کی عکاسی کرتی ہے جبکہ زرمبادلہ کے ذخائر انتہائی نچلی سطح تک گرنے کی بھی عکاسی کرتی ہے۔ ریٹنگ ایجنسی نے کہا کہ جب کہ ہم پاکستان کے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) پروگرام کے نویں جائزے کے کامیاب اختتام کو دیکھ رہے ہیں، اس کے علاوہ یہ کمی آئی ایم ایف پروگرام کی جاری کارکردگی اور فنڈنگ کے لیے بڑے خطرات کی بھی عکاسی کرتی ہے جس میں اس سال کے انتخابات بھی شامل ہیں۔ عالمی ریٹنگ ایجنسی نے کہا کہ ہمارے خیال میں دیوالیہ یا قرض کی تنظیم نو حقیقی امکان ہے۔ ایجنسی نے کہا کہ 3 فروری کو زرمبادلہ کے ذخائر صرف 9.2 ارب ڈالر تھے جو کہ اگست 2021 کے آخر میں 20 ارب ڈالر سے بہت زیاہ کم ہیں۔ ریٹنگ ایجنسی نے کہا کہ گرتے ہوئے ذخائر، کرنٹ اکانٹ خسارے، بیرونی قرضوں کی فراہمی اور مرکزی بینک کی جانب سے زرمبادلہ کے ذخائر خاص طور پر 422 کیو میں مداخلت کی عکاسی کرتے ہیں۔ ریٹنگ ایجنسی نے کہا ہمیں توقع ہے کہ ذخائر کم سطح پر رہیں گے حالانکہ ہم مالی سال 23 کے بقیہ حصے کے دوران متوقع آمدن اور شرح مبادلہ کی مقرر کردہ حد کو ہٹائے جانے سے معمولی بحالی کی پیش گوئی کرتے ہیں۔ عالمی ریٹنگ ایجنسی نے کہا کہ درجہ بندی میں کمی کا ایک اور عنصر بقیہ مالی سال میں بیرونی قرضوں کی پختگی کے ساتھ ری فنانسنگ کا بڑا خطرہ تھا جس کی رقم 7 ارب ڈالر سے زیادہ ہے، تاہم یہ اگلے مالی سال میں بھی بلند رہیں گے۔ ایجنسی نے نشاندہی کی کہ اگرچہ کرنٹ اکانٹ خسارہ میں کمی آرہی ہے لیکن یہ دوبارہ بڑھ سکتے ہے۔ ریٹنگ ایجنسی نے کہا کہ کرنٹ اکانٹ خسارہ میں اضافہ درآمدات اور زرمبادلہ کے ذخائر پر پابندیوں، مالیاتی تشویش، بلند شرح سود اور توانائی کی کھپت کو محدود کرنے کی وجہ سے ہوئی ہے۔ ریٹنگ ایجنسی نے کہا کہ پاکستان کی بندرگاہوں پر بلا معاوضہ درآمدات کے بیک لاگ اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ مزید ذخائر دستیاب ہونے کے بعد بھی کرنٹ اکانٹ خسارہ میں اضافہ ہوسکتا ہے۔

## ڈالر کے مقابلے پاکستانی روپیہ کی قدر میں اضافے کا رجحان

کراچی (بزنس ڈیسک (انٹر بینک اور اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کے مقابلے پاکستانی روپیہ کی قدر میں اضافے کا رجحان رہا۔ بینک دولت پاکستان کے مطابق 2.1 روپے کی کمی سے ڈالر کی قیمت فروخت 269.44 روپے سے کم ہوکر 267.34 روپے ہو گئی جبکہ فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کی رپورٹ کے مطابق منگل 14 فروری 2023 کو انٹر بینک میں ڈالر 25.1 روپے اور اوپن مارکیٹ میں ڈالر 3 روپے سستا ہوگیا جس کے بعد انٹر بینک میں ڈالر کی قدر 270 روپے سے گھٹ کر 268.75 روپے ہوگئی اسی طرح اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قدر 273 روپے سے گھٹ کر 270 روپے پر آگئی۔


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

## آئی ایم ایف سمیت دنیا ہم پر اعتبار کیوں نہیں کر رہی؟

# گورنر اسٹیٹ بینک زرمبادلہ کی غیر قانونی طور پر شرح بڑھا کر 56 ارب روپے کا نفع کمانے والے بینکوں کے خلاف کوئی کارروائی نہ کر سکے۔ وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے بھی چپ سادھ رکھی ہے


ایم آر انصاری

گزشتہ پندرہ دنوں سے پوری قوم کو آئی ایم ایف اور حکومت کے درمیان جاری مذاکرات کی کہانیوں میں الجھا کر رکھا گیا اور آخری اطلاعات تک یہ مذاکرات کسی بھی قسم کے حتمی نتیجے پر نہیں پہنچ سکے اور مزید مذاکرات 13 فروری سے ''روحانی'' طور پر ہو رہے ہیں یعنی دونوں ممالک کے وفد صرف ویڈیو لنک کے ذریعے بات چیت جاری رکھیں گے۔ ایسی کیا گتھی تھی جو سلجھ نہیں رہی تھی۔ واقفان حال کا کہنا ہے کہ اصل بات یہ تھی کہ آئی ایم ایف کا کہنا تھا جو کچھ آپ نے کرنا ہے پہلے کریں کیونکہ بعد میں ''آپ اپنی مرضی'' کریں گے۔ یعنی اپنے وعدوں سے انحراف کر جائیں گے۔ اب حکومت وہ تمام وعدے جو آئی ایم ایف کے وفد سے کر رہی تھی، اسی کو عملی جامہ پہنانے کے لئے قانونی اقدامات کر رہی ہے اس کے بعد ہی ہمیں کچھ بھیک مل سکے گی۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آخر ہم میں ایسی کیا خرابی ہے کہ اب دنیا نے ہم پر اعتبار کرنا چھوڑ دیا ہے ہماری عدلیہ پر بھی سوالیہ نشانات ہیں۔ ہمارے حکمرانوں اور ہمارے آئینی ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے میں بری طرح ناکام ہیں۔ یعنی ہم نے اپنے مفادات کے لئے اداروں کو بے وقعت کر دیا ہے۔ اس سلسلے کی تازہ مثال اکتوبر 2022ء میں زرمبادلہ کے حوالے سے کمرشل بینکوں پر 56 ارب روپے ناجائز اضافی منافع کمانے کی رپورٹ گورنر اسٹیٹ بینک کی جانب سے پیش کی گئی۔ اور موصوف نے ہا تھا ناجائز منافع کمانے والے بینکوں کے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی ہوگی۔ لیکن آج تک اس بارے میں کسی پیش رفت سے آگاہ نہیں کیا گیا اور مکمل خاموشی اختیار کی گئی ہے۔ کیوں؟ یہی وجوہات ہیں جس کی وجہ سے دنیا ہم پر اعتبار نہیں کر رہی ہے کہ جو ہم کہتے ہیں وہ کرتے نہیں ہیں صرف دکھاوا ہوتا ہے۔

ہم نے اپنے پچھلے کالم (اکتوبر 2022) میں اس بات کی نشاندہی کر دی تھی کہ اس سلسلے میں کوئی کارروائی نہیں ہوگی اور حقیقت میں ایسا ہی ہوا ہے۔ چار پانچ ماہ گزرنے کے بعد اس تحقیقاتی رپورٹ کا کہیں دور دور تک پتہ نہیں ہے، قارئین کو یاد ہو یا نہ ہو ہم یاددہانی کرا دیتے ہیں کہ اکتوبر 2022 میں جب ڈالر کی قدر چھ ماہ کے مختصر عرصے میں 181 سے بڑھ کر 242 روپے تک پہنچ گئی تھی۔ اب تو خیر 270 کو چھو چکی ہے۔ اس وقت جب اسحاق ڈار صاحب نے وزارت خزانہ کا قلمدان نیا نیا سنبھالا تھا اور ڈالر کو 200 روپے روپے تک محدود کرنے کی خیالی خوشخبری سنائی تھی جواب ان کے ہاتھوں سے طوطے کی طرح اڑ چکی ہے اور وہ عوام کے ساتھ ساتھ میڈیا کا بھی سامنا کرنے سے کترا رہے ہیں۔

خیر چھوڑیں! ڈالر کو کنٹرول کرنا ان کے بس میں نہ تھا، یہ مان لیا جاتا ہے لیکن جو بحیثیت وزیر خزانہ ان کے بس میں تھا وہ اس پر بھی کچھ نہ کر پائے اور خاموشی سادھ لی کیونکہ اسی میں ان کا اور ان کی پارٹی اور ان کے حواریوں کا مفاد تھا۔

اکتوبر 2022ء میں جب ڈالر کی قیمت میں 60 روپے تک اضافہ ہوا تھا اس وقت حکومت کے اہم ترین ادارے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے سربراہ گورنر صاحب نے عوام کو قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی کے ذریعے یہ اطلاع دی تھی کہ اس کی مانیٹرنگ کے باوجود ملک کے 8 کمرشل بینکوں نے مبینہ شرح مبادلہ کے اسکینڈل میں 56 ارب روپے کا اضافی منافع کمایا ہے اور انہوں نے دس روپے سے زائد پر لیٹر آف کریڈٹ کھولے ہیں۔ ان آٹھ بینکوں جن میں، حبیب بینک، الائیڈ بینک، بینک الفلاح، یونائیٹڈ بینک، ایم سی بی بینک، بینک الحبیب، میزان بینک، نیشنل بینک، عسکری بینک اور حبیب میٹروپولیٹن شامل تھے، پورے سال کا منافع 41 ارب تھا جبکہ صرف اپریل۔ جون 2022ء کی سہ ماہی میں 27 ارب روپے کا منافع کما لیا یعنی 65 فیصد زائد نفع کما لیا۔

14/اکتوبر 2022 کو میرے کالم سے اقتباس پیش خدمت ہے۔

ذیل میں دس بینکوں 2021 کے پورے سال اور اپریل۔ جون 2022 کی سہ ماہی کے نفع کا تقابلی جائزہ پیش کیا جا رہا ہے۔

| Banks | Foreign Exchange | |
|---|---|---|
| | Earning Full Year 2021 | Earning in April-June 2021 |
| Habib Bank Limited | 4,590 million | 4,339 million |
| Allied Bank Limited | 1,974 million | 3,544 million |
| Bank Alfalah Limited | 4,129 million | 3,421 million |
| United Bank Limited | 3,991 million | 3,332 million |
| MCB Bank Limited | 3,734 million | 2,903 million |
| Bank Al Habib Limited | 2,970 million | 2,524 million |
| Meezan Bank Limited | 3,159 million | 2,318 million |
| National Bank of Pakistan | 6,510 million | 2,184 million |
| Askari Bank Limited | 3,124 million | 1,590 million |
| Habib Metropolitan Bank | 3,707 million | 1,516 million |

اس سے ثابت ہوتا ہے گورنر اسٹیٹ بینک نے 8 بینکوں پر جو 56 ارب نفع کمانے کی جو ''اطلاع'' دی ہے، درست ہے کیونکہ انہیں 10 ارب فی سہ ماہی کی اوسط سے نفع کمانا تھا انہوں نے صرف ایک سہ ماہی میں 17 ارب زائد کمایا اور 27 ارب تک کل منافع پہنچا دیا۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ 8 بینک جب یہ 56 ارب کا منافع کما رہے تھے اور وہ کوئی خفیہ ڈیل نہیں تھی ہر روز بینکوں کی ٹریڈنگ کی تمام تر اطلاعات متعلقہ اداروں بالخصوص اسٹیٹ بینک کے پاس جا رہی تھیں تو ہمارے ادارے بشمول اسٹیٹ بینک کے افسران جن کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ کمرشل بینکوں اور فارن ایکسچینج کے اتار چڑھاؤ پر نظر رکھیں تو وہ کہاں سو رہے تھے۔ اب گورنر اسٹیٹ بینک چھ ماہ بعد یہ ''خوشخبری'' سنا رہے ہیں کہ ہم نے تحقیقات شروع کر دی ہیں لیکن تحقیقات اس بات کی بھی ہونی چاہیئے کہ اسٹیٹ بینک کے جن افسران نے اپنی لاپرواہی، کوتاہی یا دباؤ میں ملک کے 22 کروڑ عوام کے لیے جینا محال کر دیا وہ کون ہیں اور ان کے خلاف کیا تادیبی کارروائی کی جائے گی۔

اسٹیٹ بینک اپنی ہی غلطی کی وجوہات کی تحقیقات



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# قومی معیشت میں پیکجنگ سیکٹر کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، وزیر تجارت پنجاب، ایس ایم تنویر

## پاپاگائی کے چیئرمین سعد حلیم اور سینئر نائب صدر لاہور چیمبر عدنان بٹ کے ہمراہ وفد کی ملاقات میں گفتگو

لاہور (پیپر بزنس نیوز) نگران صوبائی وزیر صنعت وتجارت و توانائی ایس ایم تنویر سے پیکجنگ اینڈ پرنٹنگ سیکٹر کے نمائندہ وفد نے ملاقات کی۔ پنجاب سرمایہ کاری بورڈ کے کمیٹی روم میں ہونے والی ملاقات کے دوران پیکجنگ اینڈ پرنٹنگ سیکٹر کو انڈسٹری کا درجہ دینے کے لائحہ عمل کا جائزہ لیا گیا۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت ایس ایم تنویر نے وفد سے کہا کہ قومی معیشت میں اہمیت کے حامل پیکجنگ سیکٹر کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ اس سیکٹر سے وابستہ صنعتکاروں اور کاروباری طبقہ کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں گے۔ پیکجنگ سیکٹر کو انڈسٹری کا درجہ دینے کیلئے باہمی مشاورت اور تجاویز کی روشنی میں لائحہ عمل طے کر کے مل کر آگے بڑھیں گے۔ معیشت کے استحکام کیلئے برآمدات بڑھانا اور صنعتوں کا فروغ ضروری ہے۔ حکومت اس مقصد کے حصول کیلئے ہر ضروری اقدام کرے گی۔ پیکجنگ سیکٹر دنیا کی تیسری اور جنوبی ایشیا کی دوسری بڑی انڈسٹری ہے لیکن تاحال اَن ڈیکلیئر ہے۔ یہ سیکٹر روزگار کی فراہمی کا ذریعہ اور اس سیکٹر میں برآمدات کا بڑا پوٹینشل موجود ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہر صنعت کی ماں کا درجہ رکھنے والا یہ سیکٹر مسلسل نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ پیکجنگ اینڈ پرنٹنگ سیکٹر کو انڈسٹری کا درجہ ملنا چاہیے۔ سی ای او پنجاب سرمایہ کاری بورڈ جلال حسن خان، سینئر نائب صدر ایوان صنعت وتجارت لاہور عدنان خالد بٹ، سی ای او روشن پیکجز لمیٹڈ طیب اعجاز قریشی، چیئرمین پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافک آرٹس انڈسٹری سعد حلیم اور دیگر ملاقات میں موجود تھے۔

## عوام غیر لائسنس یافتہ ڈیجیٹل قرضہ ایپلی کیشنز سے ہوشیار رہیں

کراچی (نیوز ڈیسک) سیکیورٹی ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے عوام کو غیر مجاز قرضہ ایپلیکیشنز منی باکس اور منی کلب کے جھانسے میں آنے سے خبردار کر دیا۔ رپورٹ کے مطابق ایس ای سی پی کا کہنا تھا کہ یہ ایپلیکیشنز عوام کا اعتماد حاصل کرنے کے لیے لائسنس یافتہ نان بینکنگ فنانس کمپنیوں (این بی ایف سیز) کا نام استعمال کر رہی ہیں اور کسی ریگولیٹری منظوری کے بغیر قرض کی خدمات فراہم کر رہی ہیں۔ ریگولیٹر نے اپنی لائسنس یافتہ نان بینکنگ فنانس کمپنیوں قسط بازار (پرائیویٹ) لمیٹڈ اور قسط پے (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو منی باکس اور منی کلب کے نام سے ایپلیکیشنز متعارف کرانے کی کوئی اجازت نہیں دی۔




گورنر سندھ کامران ٹیسوری اور ایڈمنسٹریٹر کراچی ڈاکٹر سیف الرحمان کے دورہ حسن علی آفندی روڈ پیپر مارکیٹ کے موقع پر آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی لا اینڈ آرڈر سب کمیٹی کے محمد عمران انہیں مارکیٹ کے مسائل سے آگاہ کر رہے ہیں

## افغانستان کو الیکٹرانک فارم استثنیٰ میں توسیع

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) پاکستان نے افغانستان کو تجارتی سیٹلمنٹ کیلیے الیکٹرانک فارم استثنیٰ میں 31 مارچ تک توسیع دے دی ہے۔ وزارت تجارت کے نوٹیفکیشن کے مطابق وزارت تجارت کی جانب سے افغانستان کے ساتھ جامع بارٹر سسٹم وضع کرنے کا عمل جاری ہے۔ بارٹر ٹریڈ سسٹم کو ختمی شکل دینے میں وقت درکار ہے، دوسری جانب افغانستان کیساتھ الیکٹرانک فارم کے استثنٰی 14 فروری 2023 کو ختم ہو چکا ہے، جس پر وزارت تجارت کی جانب سے ٹریڈ سیٹلمنٹ کے لیے افغانستان کو الیکٹرانک فارم سے استثنیٰ میں مزید 31 مارچ 2023 تک کی توسیع دیدی گئی ہے۔

کرے گا اور نتیجہ یہ نکلے گا کہ 56 ارب کے منافع میں سے 10 تا 20 فیصد یعنی 20-15 ارب جرمانہ بھی عائد کر کے اس جرم میں اپنا منافع کا حصہ طلب کر لے گا اور بینک اسے خوشی خوشی ادا بھی کر دیں گے کیونکہ یہ ان کے لیے پھر بھی نقصان کا سودا نہیں ہوگا۔ ان کا صرف نفع کم ہوگا۔ گورنر اسٹیٹ بینک اور اس کے افسران جنہیں شاید وزیر اعظم سے بھی زیادہ تنخواہ ملتی ہے وہ اس ملک کے عوام کی تباہی اور مہنگائی کے ذمے دار ہیں ان چھ ماہ میں حکومت نے ڈالر کی قیمت میں اضافہ کی بنیاد پر پیٹرولیم کی قیمتوں میں 60 تا 70 روپے کا اضافہ کیا، اس اضافے کے نتیجے میں جہاں عام آدمی کے روزمرہ کے اخراجات میں بے تحاشہ اضافہ ہوا، اشیا کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، بجلی کے فیول ایڈجسٹمنٹ میں عوام کو 11-12 روپے تک اضافی بجلی یونٹ ادا کرنے پڑے، بجلی کا صنعتی یونٹ 45 تا 50 روپے تک پہنچ گیا بہت سی فیکٹریاں اس کا بوجھ برداشت نہ کر سکیں اور بند ہو گئیں، ہزاروں مزدور بے روزگار ہوئے جس سے ملک میں امن و امان کی صورت حال خراب ہوئی۔ اسٹریٹ کرائم میں بے تحاشہ اضافہ ہوا، کئی افراد اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے، اس کا ازالہ کون کرے گا۔

تو قارئین کرام پانچ ماہ بعد بھی صورت حال جوں کی توں ہے تو ہم پر کوئی کیسے اعتبار کرے گا۔ یقیناً اس کا کوئی ازالہ نہیں ہوا۔ تحقیقات کہاں ہیں کچھ پتہ نہیں۔ کون ذمہ دار تھا اور اس کے خلاف کیا کارروائی کی گئی یا اسے نشان عبرت بنایا گیا کوئی سامنے نہیں آیا۔

ان تحقیقات کا حشر بھی وہی ہوا جو ماضی میں ہوتا رہا ہے۔ خواہ وہ کسی سیاسی لیڈر کے قتل کی تحقیقات ہوں یا چیف جسٹس آف پاکستان کو ملنے والی شراب کی بوتلوں کی شہد میں تبدیلی کی تحقیقات ہوں، جن کا آج تک کوئی مجرم تو درکنار ملزمان کی بھی نشاندہی نہ ہو سکی ہے اور تمام تحقیقات کے کردار بدستور اتنی اپنی پوزیشنوں پر پہلے سے زیادہ مراعات کے ساتھ براجمان ہیں، ایسے حالات میں ہم پر کون اعتبار کرے گا؟

کیا اسحاق ڈار وزیر خزانہ یا وزیر اعظم پاکستان کی 90 سے زائد وزراء پر مشتمل کابینہ میں کوئی ایک وزیر بھی ایسا ہے جو ان اداروں کے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کے لئے آواز اٹھا سکے۔ صرف ایک اسکینڈل کے ذریعے بینکوں کا 56 ارب زائد منافع کن کی جیبوں میں گیا۔ اسٹیٹ بینک، ایف بی آر، ایف آئی اے، آئی ایس آئی، آئی بی، اینٹی کرپشن، نیب کوئی ہے جو ان کرداروں سے قوم کے کم از کم یہ 56 ارب روپے واپس دلا سکے۔ کسی ایک ادارے کا سربراہ کوئی مثالی کام کر کے اپنی قربانی دے دے لیکن قوم کو کم از کم حقائق سے آگاہ کر دے تاکہ دنیا میں ہم اپنی ساکھ کو کچھ بہتر بنانے کی کوشش کر سکیں۔



یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا برانڈ پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# پاکستان دیوالیہ نہیں ہورہا، حکومت یومیہ 4 کروڑ ڈالر باہر جانے سے روکے، سپریم کورٹ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) چیف جسٹس پاکستان جسٹس عمرعطاء بندیال نے زیادہ آمدن پر سپر ٹیکس کے نفاذ سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس دیئے کہ پاکستان دیوالیہ نہیں ہورہا، روزانہ 4 کروڑ ڈالر غیر قانونی باہر جارہے ہیں، حکومت فارن کرنسی کی بیرون ملک اسمگلنگ کو روکنے کیلئے اقدامات کرے، ہر ایک کو ملک کے مفاد کیلئے اپنے آپ کو بہتر کرنے کی ضرورت ہے۔ سپریم کورٹ نے سپر ٹیکس کے تمام مقدمات یکجا کرکے اگلے ہفتے مقرر کرنے کا حکم دیدیا ہے۔ بعدازاں عدالت نے سماعت 16 فروری تک ملتوی کردی۔ چیف جسٹس عمرعطا بندیال کی سربراہی میں تین رکنی بنچ نے زیادہ آمدن پر سپر ٹیکس کے نفاذ سے متعلق کیس کی سماعت کی، دوران سماعت ایف بی آر کے وکیل فیصل صدیقی نے دلائل دیئے کہ سپر ٹیکس کیس میں لاہور ہائیکورٹ کا حتمی فیصلہ آگیا ہے۔ لاہور ہائیکورٹ نے حتمی فیصلے پر عملدرآمد 60 دن کیلئے معطل بھی کیا ہے۔ ٹیکس کیسز میں اکثر سپریم کورٹ 50 فیصد کمپنیوں کو جمع کرانے کا کہتی ہے۔ کمپنیوں کے وکیل فروغ نسیم نے کہا کہ لاہور ہائیکورٹ کا حتمی فیصلہ آنے کے بعد عبوری حکم کیخلاف ایف بی آر کی درخواستیں غیر موثر ہوچکیں۔ عدالت درخواستیں غیر موثر ہونے کے بعد 50 فیصد سپر ٹیکس کی ادائیگی کا حکم نہیں دے سکتی۔ چیف جسٹس نے کہا کہ ایف بی آر سپر ٹیکس کیس میں اچھی نیت سے آیا ہے، معلوم ہے شیل پاکستان پہلے ہی کروڑوں روپے کا ٹیکس ادا کرتا ہے۔

## 10 مقامی کاغذ ملوں کا قیمتوں میں اضافے کا اعلان

لاہور (پیپر بزنس نیوز) لاہور کے اطراف میں قائم دس مقامی کاغذ ملوں کے گروپ نے مشترکہ طور پر اپنے تمام اقسام کے پیپرز کی قیمتوں میں 10 روپے کلو اضافے کا اعلان کیا ہے۔ آل کوالٹی پیپر ملز ایسوسی ایشن نامی ایک گروپ نے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں جبکہ مقامی و درآمدی ویسٹ پیپر اور ڈائز کی قیمتوں میں بے تحاشہ اضافہ ہوگیا ہے موجودہ قیمتوں کو برقرار رکھنا مشکل ہے۔ اس گروپ میں شامل ملیں جنہوں نے قیمتوں میں اضافے کا اعلان کیا ہے ان ملوں کے نام یہ ہیں۔

۱۔ نصیر پیپر اینڈ بورڈ ملز پرائیویٹ لمیٹڈ
۲۔ پائینیر پیپر اینڈ بورڈ ملز پرائیویٹ لمیٹڈ
۳۔ ایم ایم پیپر اینڈ بورڈ ملز پرائیویٹ لمیٹڈ
۴۔ ایچ ایچ پیپر اینڈ بورڈ ملز پرائیویٹ لمیٹڈ
۵۔ گولڈ پیپر ملز پرائیویٹ لمیٹڈ
۶۔ میاں لطیف پیپر اینڈ بورڈ ملز پرائیویٹ لمیٹڈ
۷۔ ماڈل سپریم پیپر ملز پرائیویٹ لمیٹڈ
۸۔ جہانگیر پیپر ملز پرائیویٹ لمیٹڈ
۹۔ الرحیم پیپر ملز پرائیویٹ لمیٹڈ
۱۰۔ کنگ پیپر اینڈ بورڈ ملز پرائیویٹ لمیٹڈ

## کوسکو شپنگ ایجنسی نے کنٹینرز کی پاکستان روانگی روک سے قبل ادائیگی لازمی قرار دیدی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) چین کی سرکاری اور بڑی شپنگ کمپنی کوسکو نے پیشگی رقم کے بغیر پاکستان کنٹینر روانگی معطل کردی۔ چینی شپنگ کمپنی نے پاکستان میں ادا ہونے والے مختلف مقامی چارجز بھی پہلے لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ کمپنی کے مطابق پاکستان میں ڈالرز کا بحران ہے، کنٹینر کا کرایہ اور سرچارجز پہلے ادا کرنا ہوں گے۔ شپنگ ماہرین کے مطابق کوسکو شپنگ کے پاس پاکستانی شپنگ مارکیٹ کا 15 سے 20 فیصد حصہ ہے۔

## بلھے شاہ کے رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کی قیمت 500 روپے کلو سے تجاوز

لاہور (پیپر بزنس نیوز) بلھے شاہ پیکجنگ پرائیویٹ لمیٹڈ نے 13 فروری کو جاری ہونے والے ایک سرکلر کے ذریعے اپنے ہائی کوالٹی رائٹنگ/ پرنٹنگ پیپر 60 تا 80 گرام کی قیمتوں میں مزید اضافے کا اعلان کیا ہے جس کے تحت اب ریل کی قیمت 420 اور شیٹ کی قیمت 425 روپے کلو ریکس مل بغیر سیلز ٹیکس ہوگی۔ اس طرح اب ریکس مل کی قیمت 500 روپے کلو تک پہنچ گئی ہے۔ اس سے قبل بلھے شاہ نے اپنے پیکجنگ بورڈ (بلیچ بورڈ) کی قیمت میں گزشتہ ماہ دو مرتبہ اضافہ کیا تھا جس کے بعد اس کی قیمتیں 470 روپے کلو تک پہنچ گئی تھیں۔ ابھی حکومت نے گیس کی قیمتوں میں اضافے کا اطلاق بھی کرنا ہے جس کے بعد ان قیمتوں میں مزید اضافے کا امکان ہے۔




آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے ایک وفد نے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے لاہور کے نئے ریجنل دفتر کے افتتاح کی مبارکباد دینے کے لئے ریجنل دفتر کا دورہ کیا۔ اس موقع پر لئے گئے گروپ فوٹو میں میاں انجم نثار، صدر فیڈریشن عرفان اقبال، ریجنل نائب صدر ندیم قریشی نے وفد کو خوش آمدید کہا۔ اپیما کے وفد میں ممبر قومی اسمبلی وحید عالم، صدر ناردرن زون حسن رضا، ملک برکت اللہ، سابق صدر خواجہ محمد الیاس، لیڈر بزنس مین گروپ خامس سعید بٹ، سابق صدر سعادت حسین، سابق سینئر وائس چیئرمین باؤ محمد بشیر، چیئرمین اپیما ملک احد امین، سابق چیئرمین سمیع اللہ بٹ، سابق وائس چیئرمین میاں محمد اجمل اور سابق چیئرمین اپیما پرویز رضا ابراہیم و دیگر شامل تھے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

IBM

&

APL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# آئی ایم ایف کے مطالبات منظور، جی ایس ٹی کی شرح میں اضافہ، صارفین مہنگائی میں کمی کو ترس گئے

## اسٹیکر، مقامی و درآمدی آفسیٹ پیپر، بلیچ بورڈ، مقامی ڈپلیکس بورڈ اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں اضافہ جاری

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے بھی مزید تیزی دیکھی گئی اور 15 فروری 2023 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں مقامی ڈپلیکس بورڈ سنچری سولجر، نوواپلس، بورڈون وائٹ، فورٹونا، لاثانی نیچرل، ونر براؤن بیک، میگا ٹاپ، انرجی سنرجی مل، شاہین نیچرل بیک، درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ، چینمنگ اور پنڈوڈیلی انڈونیشیا، درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے اور ریل کٹ، مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ لیول اپ، ڈبل اے برانڈ، فلائنگ، فلائنگ ہائی فنش اور کراؤن پیپر، اسٹیکر پیپر یونگی چائنا، گولڈن ٹیک جی ایس ایف، وائی ایم سی چائنا، نیکسز پرو چائنا، لیبل ٹیک چائنا اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ مقامی ڈپلیکس بورڈ سولجر برانڈ سنچری تمام سائز 250 گرام کی ریل 294 روپے، تمام سائز 290 اور 340 گرام کی ریل 288 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہیں۔ تمام سائز 250 گرام کی شیٹس 299 روپے، تمام سائز 290 اور 340 گرام کی شیٹس 295 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہیں۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ نوواپلس تمام سائز تمام گرام، 172 روپے سے بڑھ کر 188 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ بورڈون وائٹ تمام سائز 250 گرام، 214 روپے سے بڑھ کر 222 روپے اور تمام سائز 290 گرام، 214 روپے سے بڑھ کر 220 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ فورٹونا تمام سائز تمام گرام، 196 روپے سے بڑھ کر 208 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ لاثانی نیچرل تمام سائز تمام گرام، 170 روپے سے بڑھ کر 187 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ ونر براؤن بیک تمام سائز تمام گرام، 156 روپے سے بڑھ کر 180 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ میگا ٹاپ تمام سائز تمام گرام، 148 روپے سے بڑھ کر 157 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ انرجی سنرجی مل تمام سائز 250 گرام، 238 روپے سے بڑھ کر اور 290 گرام، 233 روپے سے بڑھ کر 255 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ شاہین نیچرل بیک تمام سائز 250 اور 300 گرام، 142 روپے سے بڑھ کر 155 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 495 روپے سے بڑھ کر 520 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی بلیچ بورڈ چینمنگ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 480 روپے سے بڑھ کر 500 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ پنڈوڈیلی انڈونیشیا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 475 روپے سے بڑھ کر 500 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 570 روپے سے بڑھ کر 600 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آئی کے 035 مشین/ ریل کٹ 70، 75 اور 80 گرام، 485 روپے سے بڑھ کر 550 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ لیول اپ، تمام سائز 52 گرام، 195 روپے سے بڑھ کر 220 روپے، تمام سائز 53 گرام، 225 روپے سے بڑھ کر 245 روپے، تمام سائز 60 گرام، 230 روپے سے بڑھ کر 250 روپے، تمام سائز 63 گرام، 235 روپے سے بڑھ کر 250 روپے، تمام سائز 68 گرام، 235 روپے سے بڑھ کر 250 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر ڈبل اے برانڈ تمام سائز 63 اور 68 گرام، 280 روپے سے بڑھ کر 300 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ تمام سائز 63 اور 68 گرام 265 روپے سے بڑھ کر 300 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ ہائی فنش تمام سائز 70 گرام، 340 روپے سے بڑھ کر 400 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر کراؤن تمام سائز 68 گرام، 270 روپے سے بڑھ کر 310 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی سی براؤن 70 گرام، 1380 روپے سے بڑھ کر 1400 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 1380 روپے سے بڑھ کر 1400 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 65 گرام، 1150 روپے سے بڑھ کر 1250 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، 1330 روپے سے بڑھ کر 1380 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئی 80 گرام، A4 سائز 1360 روپے سے بڑھ کر 1380 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 5300 روپے سے بڑھ کر 6200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز، 5300 روپے سے بڑھ کر 6200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر وائی ایم سی چائنا 20x30 سائز، 5300 روپے سے بڑھ کر 6100 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز، 5300 روپے سے بڑھ کر 6200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 5500 روپے سے بڑھ کر 6300 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔


پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے کے لئے
سالانہ شرح: =/3000، برائے بیرون کراچی
سالانہ شرح: =/2500، برائے کراچی
(اس میں کوریئر/ ڈاک چارجز شامل ہیں)



CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34   23 X 36
CB + CFB + CF CARD
Colour Cards
COPY PAPER A4
CHAND TRADERS
Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411
Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ریونیو میں اضافہ کیلئے ایف بی آر نے ریفنڈ کلیمز کو روکنا شروع کردیا

## تاجر برادری ایف ٹی او سے رجوع کررہی ہے، قرضوں کو اثاثوں میں تبدیل کرکے ٹیکس کی رقم بڑھانے کی بھی اطلاعات

لاہور (نیوز ڈیسک) ذرائع کا کہنا ہے کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی فیلڈ فارمیشنز نے ایک بار پھر ریونیو کے اہداف کو پورا کرنے کے لیے ٹیکس دہندگان کے ریفنڈ کلیمز کے اجراء کو روکنا شروع کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی ٹیکس محتسب (ایف ٹی او) کے دفتر کی ہدایات کو بھی نظر انداز کیا جا رہا ہے اور مختلف مذموم کوششوں کے ذریعے ہیرا پھیری کی جا رہی ہے۔ زیادہ تر معاملات میں، فیلڈ فارمیشنز ٹیکس دہندگان کے خلاف جعلی مطالبات کر رہے ہیں، جو عام طور پر ٹیکس دہندگان کی طرف سے مانگی گئی رقم کی واپسی کی قیمت سے زیادہ ہیں۔ واضح رہے کہ ایف بی آر کوویڈ 19 وبائی امراض کے پس منظر میں پرجوش طریقے سے رقم کی واپسی کے دعوے جاری کر رہا تھا۔ تاہم، اس طرح کے دعوؤں کو روکنا بورڈ میں ایک بار پھر معمول بن گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق بورڈ کا انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن ونگ محکمے کے سپاہی کی طرح کام کر رہا تھا کیونکہ وہ جانچ پڑتال میں ترمیم کے لیے کارروائی شروع کرنے کے لیے تحقیقاتی رپورٹ جاری کرتا ہے۔ عام طور پر، انہوں نے مزید کہا، تشخیص کرنے والا افسر ٹیکس دہندگان کی طرف سے حاصل کردہ قرضوں کو ان کے اثاثوں کے طور پر سمجھتا ہے تاکہ ریفنڈ کے دعوے کو ختم کیا جا سکے اور ٹیکس حکام کی جانب سے ٹیکس دہندگان کے ویلتھ اسٹیٹمنٹس کے بارے میں اس طرح کی تمام غلط فہمیاں اور سلوک ایک نہ ختم ہونے والی قانونی چارہ جوئی کا باعث بنتا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ ٹیکس دہندگان کی طرف سے پیش کی گئی تمام وضاحتیں اور جوابات کو مسترد کیا جا رہا ہے اور ایک کے بعد ایک اسیسمنٹ میں ترمیم کے احکامات جاری کیے جا رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق غیر واضح ذرائع سے ہونے والی آمدنی پر قیاس اور اندازے کی بنیاد پر متنازعہ رقم سے زیادہ ٹیکس ڈیمانڈ پیدا کرنے کے لیے اسسمنٹ آرڈر میں مختلف اضافے کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ کچھ معاملات میں، تشخیص کرنے والے افسران ٹیکس دہندگان کو نہ ختم ہونے والی قانونی چارہ جوئی میں الجھانے کے لیے من مانی طور پر ٹیکس واجبات کی رقم کو تبدیل کرتے ہوئے پائے گئے جہاں اپیلیں دائر کرنا، ایسی اپیلوں پر اعتراضات اور ٹیکس دہندگان کی حوصلہ شکنی کے لیے منفی احکامات جاری کیے جا رہے ہیں۔ ان کے دعووں کی پیروی سے. ذرائع نے بتایا کہ رقم کی واپسی کے دعووں کو شکست دینے کے اس طرح کے تمام اقدامات بدانتظامی کی تعریف کے تحت آتے ہیں اور تاجر برادری متعلقہ حلقوں بشمول کاروباری انجمنوں کے ساتھ ساتھ ایف ٹی او کے فورم سے رجوع کر رہی ہے۔ واضح رہے کہ ایف ٹی او نے پچھلے سال فیصلہ کیا تھا کہ متبادل تنازعات حل کرنے والی کمیٹیوں (ADRCs) کے انضمام کے بارے میں اس کے دفتر کے ساتھ ایک مطالعہ کیا جائے تاکہ مستقبل میں ٹیکس دہندگان کی شکایات کو تیزی سے حل کیا جا سکے۔ پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈویلپمنٹ اکنامکس اس مطالعہ کو انجام دینے میں مصروف تھا۔ تاہم اس محاذ پر اب تک کوئی بڑی پیش رفت نہیں ہوسکی ہے۔ کاروباری برادری کا عام تاثر ہے کہ ADRCs ٹیکس افسران کے خلاف شکایات کا ازالہ کرنے میں ناکام رہے ہیں اور اس کی تاثیر بے کار ہوگئی ہے کیونکہ زیر التواء مقدمات کی تعداد تشویشناک حد تک پہنچ چکی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹیکس مشینری کے عدم تعاون کے باعث ہمیں کمیٹی کے فیصلوں پر عمل درآمد میں بھی پریشانی کا سامنا ہے۔

# ایف بی آر خصوصی آڈٹ سیل کے قیام کا فیصلہ

## کمشنر کی اجازت سے غیر معمولی منافع اور مشکوک سرگرمیوں کی حقیقی تصدیق بھی شامل ہوگی

کراچی (بزنس ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ٹیکس چوری اور ٹیکس فراڈ کی روک تھام کے لئے خصوصی آڈٹ سیل قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے، ایف بی آر کے آفیشل کے مطابق چیف کمشنر کی جانب سے دیئے جانے والوں کیسوں کی جانچ پڑتال کرنا کمشنرز کی ذمہ داری ہوگی جو کہ سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 کے سیکشن 38 کے حوالے سے انکوائری اور تفتیش کرنا سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 کے سیکشن 2(37) کے مطابق ٹیکس چوری اور ٹیکس فراڈ کے معاملات شامل ہوں گی جبکہ کمشنران لینڈ ریونیو کی اجازت سے غیر معمولی منافع اور مشکوک سرگرمیاں رکھنے والے ٹیکس دہندگان کی فیزکل تصدیق کرنا ہوگی جبکہ ماہانہ سیلز ٹیکس ریٹرن کی جانچ پڑتال کریں، مزید ٹیکس کی عدم ادائیگی، سیلز ٹیکس/ ایف ای ڈی کی مختصر ادائیگی، سیلز ٹیکس کی ود ہولڈنگ کی عدم ادائیگی، سیکشن 8 بی کی خلاف ورزی، بوگس جی ڈی امپورٹ کے خلاف ناقابل قبول ان پٹ ٹیکس ایڈجسٹمنٹ، بھاری خریداری، سیلز غیر فعال یونٹوں کے ساتھ لین دین، بلیک لسٹڈ، معطل شدہ، نان فائلر یونٹس کے خلاف کارروائی کروائی کرنا ہوگی جبکہ متعلقہ یونٹ کی خرید وفروخت کی معلومات کمشنران لینڈ ریونیو کو روزانہ کی بنیاد پر ارسال کرنا ہوگی جبکہ سیل کے انچارج کو سیلز ٹیکس ایکٹ، 1990 کے سیکشن 11 اور فیڈرل ایکسائز ایکٹ، 2005 کے سیکشن 14 کے تحت بورڈ/سی سی آئی آر سے موصول ہونے والے کیسز اور حساس نوعیت کے دیگر کیسز کی منظوری سے کارروائی شروع کرنے اور حتمی شکل دینے کا اختیار ہے۔

# ٹیکس دہندگان کو ڈیبٹ اور کریڈٹ کارڈز کے ذریعے ٹیکس ادائیگی کی سہولت

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے پاکستانی ٹیکس دہندگان کو رواں مالی سال کے اختتام تک ڈیبٹ اور کریڈٹ کارڈز کے ذریعے اپنے ٹیکس واجبات ادا کرنے کی سہولت فراہم کرنے کے لئے طریقہ کار وضع کرلیا ہے۔ ایف بی آر کا ورلڈ بینک کے ساتھ 30 جون 2023 تک کچھ اہداف حاصل کرنے کا عہد ہے۔ اس میں موبائل فون کے ذریعے فائلنگ، کریڈٹ اور ڈیبٹ کارڈ کے ذریعے ادائیگی اور غیر بینکنگ خدمات کو فعال کرنا شامل ہے۔ نئی تبدیلیوں کے تحت ٹیکس دہندگان اپنے ریکارڈ کا آن لائن جائزہ لے سکیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ”ٹیکس دہندگان ٹیکسوں اور مالی سالوں کے دوران وصولیوں کے خلاف واجبات کو پورا کرنے کے قابل ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ گزشتہ سال 30 جون تک ٹیکس دہندگان ان لینڈ ریونیو کے سسٹم میں اپنے پروفائل اور ٹیکس ٹرانزیکشنز، واجبات اور ریفنڈز کی آن لائن صورتحال کو چیک کرنے کے قابل ہوچکے تھے۔

# سیلز ٹیکس وایکسائز سے متعلق بجٹ 2023-24 کیلئے تجاویز طلب

کراچی (بزنس ڈیسک) ایف بی آر کی جانب سے سیلز ٹیکس 1990 اور سیلز ٹیکس رولز 2006 میں ترمیم کے حوالے سے تجویز مانگی گئی ہے۔ فیڈرل ایکسائز ایکٹ 2005 اور فیڈرل ایکسائز رولز 2005 میں بھی ترمیم پر تجاویز مانگی گئی ہیں۔ ایف بی آر کی جانب سے سیلز ٹیکس آن سورسز ایڈینس 2001 میں بھی ترمیم پر غور کیا جا رہا ہے۔ ایف بی آر نے کہا ہے کہ تمام سٹیک ہولڈرز یکم مارچ تک تجاویز ارسال کریں۔ ایف بی آر ذرائع کے مطابق ٹیکس نظام کو سادہ بنانے اور اس میں پیچیدگیاں ختم کرنے کیلئے تجاویز طلب کی گئی ہیں۔ ایف بی آر نے اس حوالے سے صدر ایف بی سی سی آئی پاکستان کے تمام چیمبر آف کامرس اور تجارتی تنظیموں کے صدور و چیئرمین کو مراسلہ جاری کردیا ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# محکمہ کسٹمز میں گریڈ 17 تا گریڈ 20 کے افسران کے تبادلے و تقرریاں

کراچی (نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے محکمہ کسٹمز سے تعلق رکھنے والے گریڈ 17 تا گریڈ 20 کے 16 افسران کے تبادلے وتقرریوں کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ایف بی آر کے نوٹیفکیشن کے مطابق گریڈ20 کے سید اسدرضا رضوی کوڈائریکٹر،نیشنل ٹارگیٹنگ ،اسلام آباد،نسرین احمد تارڈ کوڈائریکٹر ، پاکستان کسٹمزاکیڈمی پی سی اے لاہور،فروخ سجادکو چیف ،ایف بی آراسلام آباد، سائرہ آغاکو کلکٹر،کلکٹریٹ آف کسٹمزاپریزمنٹ ایسٹ لاہور،گریڈ19 کے جمشیدعلی تالپورکو کلکٹر(اوپی ایس ) کلکٹریٹ آف کسٹمزایکسپورٹ کسٹمزہاؤس کراچی، مس مہرین نسیم کوکلکٹر(اوپی ایس)کلکٹریٹ آف کسٹمزعلامہ اقبال ایئرپورٹ لاہور،تیمورکمال ملک کو ڈائریکٹر(اوپی ایس)پوسٹ کلیئرنس آڈٹ سینٹرل لاہور،محمدراشدمنیرکو ایڈیشنل ڈائریکٹر،ڈائریکٹوریٹ آف کسٹمزانٹیلی جنس اینڈانویسٹی گیشن حیدرآباد،ڈاکٹرنعمان خان کو ایڈیشنل ڈائریکٹر،ڈائریکٹوریٹ آف کسٹمزانٹیلی جنس اینڈانویسٹی گیشن پشاور،سمیر مستنصر تارڑکوایڈیشنل ڈائریکٹر،ڈائریکٹوریٹ آف کسٹمزانٹیلی جنس اینڈانویسٹی گیشن لاہور،عاصم رحمن کو ایڈیشنل ڈائریکٹر، پاکستان اکیڈمی پی سی اے اسلام آباد،گریڈ18 کی مس ازکہ ظفررانا کو ڈپٹی ڈائریکٹر،ڈائریکٹوریٹ جنرل آف کسٹمزویلیوایشن کراچی،مس زہرین کو ڈپٹی ڈائریکٹر ، ڈائریکٹوریٹ آف کسٹمزانٹیلی جنس اینڈانویسٹی گیشن لاہور،گریڈ17 کے سیدطلحہ سلمان کوڈپٹی ڈائریکٹرا(اوپی ایس)ڈائریکٹوریٹ جنرل آف کسٹمزویلیوایشن کراچی،مس اقراءشوکت کو ڈپٹی کلکٹر(اوپی ایس) کسٹمزایڈجیوڈیکیشن اسلام آباد کے عہدوں پرتعینات کیا گیا ہے۔دریں اثنا ایک اورنوٹیفکیشن کے ذریعے فیڈرل بورڈ آف ریونیو(ایف بی آر) نے پاکستان کسٹمزسروس کے درج ذیل افسران کے تبادلوں اور تقرریوں کا نوٹیفکیشن فوری طور پراوراگلے احکامات تک جاری کردیا ہے۔محمد محسن رفیق، ـ20،کلکٹر،کلکٹریٹ آف کسٹمزانفورسمنٹ ،لاہورکوتبدیل کرکے کلکٹر،کلکٹریٹ آف کسٹمزاپریزمنٹ ایس اے پی ٹی کراچی تعینات کیا گیا ہے۔امجدالرحمن،20،کلکٹر،کلکٹریٹ آف کسٹمز اپریزمنٹ، پشاور کو تبدیل کر کے چیف، فیڈرل بورڈ آف ریونیو، ہیڈکوارٹر، اسلام آباد تعینات کیا گیا ہے۔محترمہ عنبرین احمد تارڑ 20، کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز اپریزمنٹ، لاہور کو تبدیل کر کے کلکٹریٹ آف کسٹمز اپریزمنٹ، ایسٹ، لاہور تعینات کیا گیا ہے۔شفقت علی خان نیازی، 20، چیف،فیڈرل بورڈ آف ریونیو،اسلام آبادکوتبدیل کرکے ڈائریکٹر،ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن، ایف بی آر، پشاورتعینات کیا گیا ہے۔منیب سرور، 20، پوسٹنگ کے منتظر (لاہور میں تعینات) کوتبدیل کر کے کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمزاپریزمنٹ، ویسٹ، لاہورتعینات کیا گیا ہے۔محمد اسماعیل، 20،کلکٹر،کلکٹریٹ آف کسٹمزایڈجوڈیکیشن، کوئٹہ کوتبدیل کرکے کلکٹر،کلکٹریٹ آف کسٹمز انفورسمنٹ، سرگودھا تعینات کیا گیا ہے۔محمد اشفاق 20، ڈائریکٹر، اسٹاف، چیئرمین سیکریٹریٹ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ہیڈکوارٹر)، اسلام آبادکو تبدیل کر کے کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز اپریزمنٹ، پشاورتعینات کیا گیا ہے۔محترمہ نیلوفرشہزاد، 20، چیف، ایف بی آر، ہیڈکوارٹر، اسلام آبادکوتبدیل کرکے ڈائریکٹر،ڈائریکٹوریٹ آف آئی پی آرانفورسمنٹ ، نارتھ،اسلام آبادتعینات کیا گیا ہے۔نویدالٰہی،20، چیف، ایف بی آر، ہیڈکوارٹر،اسلام آبادکوتبدیل کرکے کلکٹر،کلکٹریٹ آف کسٹم،اسلام آبادانٹرنیشنل ایئرپورٹ،اسلام آبادتعینات کیا گیا ہے۔ڈاکٹر ناصر خان، 19، چیف، او پی ایس، ایڈمن پول، ایف بی آر ہیڈکوارٹر، اسلام آبادکوتبدیل کرکے چیف او پی ایس، انٹرنیشنل کسٹمز، ایف بی آر، ہیڈکوارٹر، اسلام آبادتعینات کیا گیا ہے۔سیدعلی عباس گردیزی، 19، ایڈیشنل کلکٹر،کلکٹریٹ آف کسٹمزعلامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ، لاہورکوتبدیل کرکے کلکٹر، پی او ایس کلکٹریٹ آف کسٹمز انفورسمنٹ، لاہورتعینات کردیا گیا ہے۔تیمورکمال ملک، 19، ایڈیشنل کلکٹر،کلکٹریٹ آف کسٹمزایڈجوڈیکیشن، اسلام آباد(پشاور میں تعینات) کوایڈیشنل ڈائریکٹر،ڈائریکٹوریٹ آف لاءاینڈ پراسیکیوشن، پشاور کا ایڈیشنل ڈائریکٹر، آئی پی آر انفورسمنٹ نارتھ کے ڈائریکٹوریٹ کے طور پرتبدیل کرکے تعینات کیا گیا ہے۔ اسلام آباد۔ یہ افسر اپنی ذمہ داریوں کے علاوہ ایڈیشنل ڈائریکٹر ڈائریکٹوریٹ آف لاء اینڈ پراسیکیوشن پشاور کے عہدے کا چارج سنبھالتا رہے گا۔سیدعمران سجاد بخاری، 19، ایڈیشنل کلکٹر،کلکٹریٹ آف کسٹمزاپریزمنٹ، ایسٹ، کسٹمزہاؤس کراچی کو تبدیل کرکے کلکٹراوپی ایس،کلکٹریٹ آف کسٹمزانفورسمنٹ ، کراچی تعینات کیا گیا ہے۔نویداقبال، 19، ڈائریکٹراوپی ایس ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن ، ایف بی آر پشاورکوتبدیل کرکے کلکٹر، اوپی ایس کلکٹریٹ آف کسٹمز اپیلز، کراچی تعینات کیا گیا ہے۔ایس ایم علی زمان گردیزی، 19، اضافی کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز پورٹ قاسم ، کراچی کوتبدیل کر کے ڈائریکٹر، او پی ایس ڈائریکٹوریٹ جنرل آف رسک مینجمنٹ تعینات کیا گیا ہے۔محترمہ مہرین نسیم، 19 ، ایڈیشنل کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز انفورسمنٹ ، لاہور کو تبدیل کر کے ایڈیشنل کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز، علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ، لاہور تعینات کیا گیا ہے۔محمد احسن خان، 19، ایڈیشنل ڈائریکٹر،ڈائریکٹوریٹ آف ان پٹ آؤٹ پٹ کوفیشینٹ آرگنائزیشن ساؤتھ، کراچی کوتبدیل کرکے کلکٹر، او پی ایس کلکٹریٹ آف کسٹمزایڈ جوڈیکیشن، کوئٹہ تعینات کیا گیا ہے۔محمد طالب حسین، 19، ایڈیشنل کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز ایڈجوڈیکیشن، فیصل آبادکو تبدیل کرکے ایڈیشنل ڈائریکٹر،ڈائریکٹوریٹ آف ٹرانزٹ ٹریڈ، لاہورتعینات کردیا گیا ہے۔محترمہ صائمہ ایاز، 19، ایڈیشنل ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف ٹرانزٹ ٹریڈ، لاہورکو تبدیل کر کے ایڈیشنل کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز اپریزمنٹ، ایسٹ، لاہورتعینات کیا گیا ہے۔علی زیب خان، 19، ایڈیشنل کلکٹر، چیف کلکٹرآف کسٹمزاپریزمنٹ، سنٹرل کسٹمزہاؤس لاہورکوتبدیل کرکے ایڈیشنل کلکٹر،کلکٹریٹ آف کسٹمزاپریزمنٹ ، ویسٹ لاہورتعینات کردیا گیا ہے۔محترمہ عاصمہ بشیر، 19، ایڈیشنل کلکٹر،کلکٹریٹ آف کسٹمزاپریزمنٹ، لاہورکوتبدیل کرکے ایڈیشنل ڈائریکٹر،ڈائریکٹوریٹ آف پوسٹ کلیئرنس آڈٹ سنٹرل لاہورتعینات کردیا گیا ہے۔فلک شیر 19، ایڈیشنل کلکٹر،کلکٹریٹ آف کسٹمزاپریزمنٹ، لاہورکوتبدیل کرکے ایڈیشنل کلکٹر، چیف کلکٹرآف کسٹمز اپریزمنٹ پنجاب، کسٹمزہاؤس، لاہورکے عہدے پرتعینات کیا گیا ہے۔محترمہ صائمہ زیب بٹ، ڈپٹی ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف پوسٹ کلیئرنس آڈٹ ساؤتھ، کراچی کوتبدیل کرکے ڈپٹی ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف پوسٹ کلیئرنس آڈٹ سنٹرل لاہورتعینات کیا گیا ہے۔تنویر احمد 18، ڈپٹی کلکٹرآف کسٹمز انفورسمنٹ ، ملتان کوتبدیل کر کے ڈپٹی ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف پوسٹ کلیئرنس آڈٹ ساؤتھ کراچی تعینات کردیا گیا ہے۔محمد احمد ظہیر، 18، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈائریکٹوریٹ آف پوسٹ کلیئرنس آڈٹ سنٹرل لاہورکوتبدیل کرکے ڈپٹی ڈائریکٹر، پاکستان کسٹمزاکیڈمی اوپی ایس لاہورتعینات کردیا گیا ہے۔

## اسٹیٹ بینک کا برآمدات کی وصولی میں تاخیر پر کارروائی شروع کرنے کا فیصلہ

